# آکشن نوٹس

# پاکستان ریلویز ڈویژنل آفس راولپنڈی

پاکستان ریلوے راولپنڈی ڈویژن کو درج ذیل پلاٹس مختلف مقاصد کے لئے لائسنس پر دینا مقصود ہیں۔

| نمبر شمار | محل وقوع | رقبہ | مقصد | مدت معاہدہ | بنیادی تخمینہ (سالانہ) | تاریخ و مقام نیلامی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | **آئی اوڈبلیو-1 آفس راولپنڈی** | | | | | |
| | **مارکی** | | | | | |
| 1 | پرانی وطن وولن مل، نزد کربلا گیٹ راولپنڈی | 21660 مربع فٹ مارکی کے لئے 7217 مربع فٹ کارپارکنگ کے لئے | مارکی | پانچ سال قابل توسیع مزید پانچ سال | 18,276,000/- مارکی کے لئے | مورخہ 26.01.2026 (10 بجے دن) بمقام آئی اوڈبلیو-1 آفس راولپنڈی |
| 2 | پرانی ٹی بی وارڈ بلڈنگ، نزد کربلا گیٹ راولپنڈی | 39586 مربع فٹ مارکی کے لئے 13194 مربع فٹ کارپارکنگ کے لئے | مارکی | پانچ سال قابل توسیع مزید پانچ سال | 33,401,000/- مارکی کے لئے فی پلاٹ | |
| | **آئی اوڈبلیو-2 آفس راولپنڈی** | | | | | |
| | **زراعت** | | | | | |
| 3 | کلومیٹر نمبر 2/1532 سے 13/1531، ٹیکسلا-سنگجانی سیکشن کے درمیان | 1.37 ایکڑ | زرعی | پانچ سال | 28,000/- فی ایکڑ | مورخہ 27.01.2026 (10 بجے دن) بمقام آئی اوڈبلیو-2 آفس راولپنڈی |
| 4 | ٹیکسلا (موہڑہ شاہ ولی) | 7.50 ایکڑ | زرعی | پانچ سال | 42,000/- فی ایکڑ | |
| | **گوجر خان ریلوے سٹیشن** | | | | | |
| | **زراعت** | | | | | |
| 5 | کلومیٹر نمبر 9/1464 سے 13/1465، گنگریلہ-گوجر خان ریلوے سٹیشن کے درمیان | 3.58 ایکڑ | زرعی | پانچ سال | 25,100/- فی ایکڑ | مورخہ 28.01.2026 (10 بجے دن) بمقام گوجر خان ریلوے سٹیشن |
| 6 | کلومیٹر 9-6/1470، مندرہ- کلیام آعوان نزد برج نمبر 445 | 5.530 ایکڑ | زرعی | پانچ سال | 25،000/- فی ایکڑ | |
| 7 | کلومیٹر نمبر 10/1466 سے 1/1467، گنگریلہ-مندرہ ریلوے سٹیشن کے درمیان | 1.01 ایکڑ | زرعی | پانچ سال | 25،000/- فی ایکڑ | |
| 8 | کلومیٹر 9/1442، نزد برج نمبر 386، سر کسوال-سوہاوہ ریلوے سٹیشن کے درمیان | 16.90 ایکڑ | زرعی | پانچ سال | 20،000/- فی ایکڑ | |
| 9 | کلومیٹر 5-3/1459، گوجر خان-گنگریلہ ریلوے سٹیشن کے درمیان | 1.03 ایکڑ | زرعی | پانچ سال | 25،000/- فی ایکڑ | |
| | **منڈی بہاؤالدین ریلوے سٹیشن** | | | | | |
| | **زراعت** | | | | | |
| 10 | جوڑہ ریلوے سٹیشن | 6.563 ایکڑ | زرعی | پانچ سال | 35،000/- فی ایکڑ | مورخہ 02.02.2026 (11 بجے دن) بمقام منڈی بہاؤالدین ریلوے سٹیشن |
| 11 | نزد برج نمبر 701، لالہ موسیٰ-اختر کرنانہ ریلوے سٹیشن کے درمیان | 2.41 ایکڑ | زرعی | پانچ سال | 35،000/- فی ایکڑ | |
| 12 | کلومیٹر نمبر 3/59-4 سے 7/60-8، ہریا-منڈی بہاؤالدین ریلوے سٹیشن کے درمیان | 5.08 ایکڑ | زرعی | پانچ سال | 30،000/- فی ایکڑ | |
| | **ملکوال ریلوے سٹیشن** | | | | | |
| | **زراعت** | | | | | |
| 13 | کلومیٹر 4/118 سے 2/119، لِلہ-پنڈ دادنخان ریلوے سٹیشن کے درمیان | 4.03 ایکڑ | زرعی | پانچ سال | 15،000/- فی ایکڑ | مورخہ 03.02.2026 (10 بجے دن) بمقام ملکوال ریلوے سٹیشن |

Syed Mohsin Hassan
Assistant Director (Web Design)
Thursday, 08 January, 2026, 2:12:7 PM

| نمبر شمار | محل وقوع | رقبہ | مقصد | مدت معاہدہ | بنیادی تخمینہ (سالانہ) | تاریخ و مقام نیلامی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 38 | قائد آباد ریلوے سٹیشن | 3.32 ایکڑ | زرعی | پانچ سال | 35,500/- فی ایکڑ | مورخہ 04.02.2026 (10 بجے دن) بمقام سرگودہا ریلوے سٹیشن |

# شرائط و ضوابط برائے نیلامی

1۔ تمام شرکت کنندگان کو زراعت کے لئے -/5،000 روپے اور مارکی کے لئے -/20،000 روپے شرکت فیس (ناقابل واپسی) اور شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی نیلامی سے پہلے آکشن کمیٹی کے پاس جمع کروانی ہوگی۔

2۔ ہر شرکت کنندہ زراعت کے لئے اپنے اصل شناختی کارڈ کے ہمراہ -/50،000 روپے، مارکی کے لئے -/300،000 روپے کی سی ڈی آر بنام ڈویژنل اکاؤنٹ آفیسر پاکستان ریلوے راولپنڈی بطور بڈ سیکیورٹی آکشن سے قبل آکشن کمیٹی کے پاس جمع کروائے گا جو ناکام بولی دہندہ کو موقع پر ریلیز کر دی جائے گی۔

3۔ زراعت اور مارکی کا سالانہ کرایہ ہر سال 10% (@ کمپاؤنڈ انٹرسٹ) کے حساب سے بڑھایا جائے گا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ پیش کردہ بولی کا 50 فیصد بصورت کال ڈیپازٹ ریسیپٹ بنام ڈویژنل اکاؤنٹ آفیسر پاکستان ریلوے راولپنڈی موقع پر جمع کرائے گا اور باقی 50 فیصد ایگریمنٹ کرنے سے پہلے جمع کروانا ہوگا۔

5۔ بولی منظوری کے بعد، زراعت کا سب سے زیادہ بولی دہندہ سالانہ بولی کی رقم کے برابر سیکیورٹی رقم ایڈوانس جمع کرائے گا۔ جبکہ مارکی کا بولی دہندہ سالانہ بولی کی رقم کے 25% کے برابر سیکیورٹی رقم ایڈوانس جمع کرائے گا، جو معاہدے کی مدت کے کامیاب تکمیل تک برقرار رکھی جائے گی۔

6۔ سیکیورٹی کے علاوہ سالانہ کرایہ کے طور پر ایک سال کا کرایہ مجاز اتھارٹی کی منظوری کے 14 دن کے اندر ایڈوانس جمع کروانا ہوگا۔ بصورت دیگر 50 فیصد رقم بغیر کسی نوٹس کے پاکستان ریلویز کے حق میں ضبط ہو جائے گی اور مطلوبہ زمین دوبارہ آکشن کی جائے گی۔

7۔ مارکی کے لئے کسی بھی قسم کی پکی تعمیرات کی اجازت نہیں ہوگی۔ ماسوائے ایک دلہن کا کمرہ، کچن، سٹور اور واش روم کے جو کہ لائسنسی اپنے خرچے پر تعمیر کرے گا۔ جو لیز کی میعاد ختم ہونے کے بعد پاکستان ریلوے کی ملکیت ہوگا۔ لائسنسی سرکار کی طرف سے لگائے جانے والے جرمانے کا خود ذمہ دار ہوگا۔

8۔ مارکی کے لئے پارکنگ ایریا کے کرایہ کا تعین کامیاب بولی دہندہ کی طرف سے دی گئی کامیاب بولی کا فی مربع فٹ شرح اور کل رقبے کے مطابق دی گئی بولی کے 25% کے حساب سے کیا جائے گا۔

9۔ کامیاب بولی دہندہ کو ایگریمنٹ ہونے کے بعد 45 دن کی موبیلائزیشن پیریڈ کی اجازت ہوگی۔

10۔ مارکی کا لائسنسی ریلوے ملازمین اور ملازمین کے بچوں اور بچیوں کی شادی کے لئے نرخ میں 20 فیصد رعایت دے گا۔

11۔ مارکی کا لائسنسی لیز کا دورانیہ پورا ہونے پر، لائسنسی انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچائے بغیر اپنے خرچے پر عارضی تنصیبات کو منتقل کر سکتا ہے۔ تاہم انفراسٹرکچر اور دیگر ڈھانچے کو منہدم نہیں کیا جائے گا اور وہ پاکستان ریلوے کی ملکیت ہوگا۔

12۔ اگر مارکی کے موجودہ کرایہ دار نے آکشن میں حصہ لیا اور ناکام رہا اور وہ ریلوے کا نادہندہ نہ ہو تو اسے آکشن کے بعد پہلا حق انکار (کہ وہ اپنی بولی سب سے زیادہ بولی کے برابر لائے) دیا جائے گا۔

13۔ اگر مارکی کا موجودہ کرایہ دار مارکی حاصل کرنے میں ناکام رہا تو اس کو لیز کی مدت ختم ہونے کے بعد صرف قابل نقل اشیاء مثلاً کچن کا سامان، فرنیچر، الیکٹرک آئیٹم اور مارکی کا عارضی اسٹرکچر ہٹانے کی اجازت ہوگی۔

14۔ کامیاب بولی دہندہ اپنے طور پر گیس، بجلی، ٹیلی فون وغیرہ کے کنکشن کا ذمہ دار ہوگا تاہم ریلوے انتظامیہ اس مقصد کے لئے (این او سی) جاری کرے گی۔

15۔ لائسنس کے دورانیہ میں توسیع نہیں ہوگی۔

16۔ سرکاری ملازم نیلامی میں حصہ لینے کا مجاز نہیں ہوگا تاہم سرکاری ادارے حصہ لینے کے اہل ہیں۔

17۔ کرائے کی مد میں واجب الادا رقم والے افراد کو نیلامی میں شرکت کی اجازت نہیں ہے۔

18۔ کامیاب بولی دہندہ پیش کردہ بولی کا ودہولڈنگ ٹیکس مجاز اتھارٹی کے قوانین کے مطابق مجاز اتھارٹی کے پاس جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

19۔ بولی دہندہ لائسنس کی جگہ کی مناسبت بمطابق بیان کردہ مقصد کا خود ذمہ دار ہوگا۔ اس ضمن میں محل وقوع، جگہ کے ملاحظہ اور مزید معلومات کے لئے نیچے دیئے گئے پتہ یا آئی او ڈبلیو-1 راولپنڈی، گوجرخان، ملکوال، سرگودہا اور اے آئی او ڈبلیو ٹیکسلا، لالہ موسیٰ پاکستان ریلوے کے دفتر سے رجوع کریں۔

20۔ مندرجہ بالا معلومات پاکستان ریلوے کی ویب سائیٹ (www.pakrail.gov.pk) اور PPRA کی ویب سائیٹ (www.ppra.org.pk) پر بھی ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔

21۔ آکشن سے پہلے مطلوبہ جگہ تک رسائی کے لئے راستے کا معائنہ کیا جا سکتا ہے۔ مطلوبہ جگہ تک راستے کی رسائی کی ذمہ داری لائسنسی کی اپنی ہوگی۔ اس ضمن میں ریلوے انتظامیہ کسی عذر کی ذمہ دار نہ ہوگی۔

22۔ زمین کا قبضہ دیتے وقت سائیٹ کے مطابق پیمائش کم و بیش ہو سکتی ہے۔

23۔ پاکستان ریلوے انتظامیہ کسی بھی وقت آکشن / لائسنس کو کینسل کر سکتی ہے۔

ریاض محمود
ڈپٹی ڈائریکٹر پراپرٹی اینڈ لینڈ
برائے، ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ، پاکستان ریلوے راولپنڈی
فون نمبر: 051-9273267

Syed Mohsin Hassan
Assistant Director (Web Design)
Thursday, 08 January, 2026, 2:12:7 PM